Australian Centre for
Disability Law

Urdu | اردو

حصہ 5

شکایات

# سکول میں اپنی ضرورت کی مدد حاصل کرنا









آسان تحریر

www.disabilitylaw.org.au

# مضامین


| | |
|---|---|
| اس ٹول کٹ کا تعارف | **2** |
| شکایات | **3** |
| شکایت کی پلاننگ | **4** |
| سکول سے شکایات کرنا | **5** |
| معذوری کی وجہ سے امتیازی (دوسروں سے الگ) سلوک | **8** |
| معذوری کی وجہ سے امتیازی سلوک پر شکایت کا طریقہ | **11** |
| آپ کے شکایت کرنے کے بعد کیا ہوتا ہے | **14** |



یہ معلومات انفارمیشن، لنکیجز اینڈ کیپیسٹی بلڈنگ (ILC) پروگرام کے تحت آسٹریلین گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ آف سوشل سروسز کی فنڈنگ سے پیش کی جا رہی ہیں۔

کاؤنسل فار انٹلیکچوئل ڈس ایبیلٹی یا **CID** نے اس ڈاکومنٹ کو آسان تحریر بنایا ہے۔ اگر آپ اس ڈاکومنٹ میں موجود تصویروں کو استعمال کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو CID سے پوچھنا ہو گا۔ آپ CID سے **business@cid.org.au** پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

# حصه 5
# شكايات







# اس ٹول کٹ کا تعارف




یہ ٹول کٹ Australian Centre for Disability Law کی طرف سے ہے۔

ایک **ٹول کٹ** آپ کو ان چیزوں کے بارے میں بتاتی ہے جن کا آپ کو علم ہونا چاہیے یا جو آپ کو کرنی چاہیئں۔




یہ ٹول کٹ ان طالبعلموں کے لیے ہے جو نیو ساؤتھ ویلز کے عام سکولوں میں پڑھتے ہیں۔



یہ ان لوگوں کے لیے بھی ہے


- جو TAFE، یونیورسٹی یا کسی اور تعلیمی ادارے میں پڑھتے ہیں
- خاندان اور سنبھالنے والے



یہ ٹول کٹ آپ کو یہ سکھائے گی کہ آپ کو سیکھنے کے لیے جس مدد کی ضرورت ہے، آپ اس کے لیے اپنے سکول سے کیسے بات کر سکتے ہیں۔

اس ٹول کٹ کے 6 حصے ہیں۔

# شکایات



اس حصے میں بتایا گیا ہے کہ آپ شکایت کیسے کر سکتے ہیں۔


**شکایت** یہ ہوتی ہے کہ آپ کسی کو بتائیں کہ آپ کسی چیز سے خوش نہیں ہیں۔




جب آپ کے اور سکول کے درمیان معاملہ ٹھیک نہ ہو تو آپ شکایت کر سکتے ہیں۔



ہم آپ کو بتائیں گے کہ آپ کو کب شکایت کرنی چاہیے۔



ہم آپ کو بتائیں گے کہ آپ کو شکایت کرنے کے لیے کیا کرنا چاہیے۔




ہم ان مختلف قسموں کی شکایتوں کے متعلق بتائیں گے جو آپ کر سکتے ہیں۔

# شکایت کی پلاننگ



شکایت کرنے سے پہلے سوچیں کہ اس کے بعد آپ سکول کے ساتھ دوستانہ تعلق کیسے قائم رکھیں گے۔



آپ کو لمبے عرصے تک سکول کی مدد کی ضرورت ہے۔

ایک دوسرے کے ساتھ دوستانہ تعلق رکھنا اہم ہے۔




سوچیں کہ آپ اس معاملے میں سکول سے کیا کروانا چاہتے ہیں



سکول کو واضح طریقے سے بتائیں

- آپ نے کیا مانگا تھا
- سکول نے کیا نہیں کیا

# سکول سے شکایات کرنا




جب آپ سکول میں کسی چیز سے ناخوش ہوں تو آپ کو ان مراحل پر عمل کرنا چاہیے۔




1. ٹیچر سے بات کریں

آپ میٹنگ میں یا ای میل پر بات کر سکتے ہیں۔




2. ہیڈ ٹیچر یا پرنسپل سے بات کریں

آپ کو یہ تب کرنا چاہیے جب

- آپ ٹیچر کے جواب سے خوش نہ ہوں
- ٹیچر نے اس معاملے میں کچھ نہ کیا ہو



بہتر ہے کہ پرنسپل یا ہیڈ ٹیچر کو خط یا ای میل لکھی جائے۔




آپ خط یا ای میل میں میٹنگ کی درخواست کر سکتے ہیں۔




3. سکول کے متعلق باقاعدہ شکایت کرنا


باقاعدہ شکایت کرتے ہوئے آپ ان لوگوں کو مسئلہ بتاتے ہیں جو سکول کے انچارج ہیں۔

پبلک، پرائیویٹ اور دوسرے سکول اس معاملے میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔




سکولوں کے انچارج یہ ہوتے ہیں

- ڈیپارٹمنٹ
- ڈائیوسیز
- بورڈ




اگر سٹیپ 1 اور 2 سے مسئلہ حل نہ ہو تو آپ کو باقاعدہ شکایت کرنی چاہیے۔





سب سے اونچے لیول پر شکایت کرنے کا طریقہ جاننے کے لیے

- سکول کی ویب سائیٹ دیکھیں
- سکول آفس سے پوچھیں

آپ کو یہ کام کرنے چاہیئں

لکھیں کہ مسئلہ کیا ہے۔



وہ ساری معلومات دیں جن کے بارے میں انچارج کو پتہ کرنا چاہیے۔



انہیں مسئلہ حل کرنے کے لیے وقت دیں

اگر آپ کو جواب نہ ملے تو دوبارہ پوچھیں۔



جواب ملنے کے بعد سکول سے بات کریں۔

سکول سے بات کریں کہ انہیں کیا کرنا ہو گا۔



# معذوری کی وجہ سے امتیازی (دوسروں سے الگ) سلوک




اگر سارے سٹیپس پورے کرنے کے بعد بھی مسئلہ حل نہ ہو تو آپ معذوری کی وجہ سے امتیازی سلوک کی شکایت کر سکتے ہیں۔

**معذوری کی وجہ سے امتیازی سلوک** اسے کہتے ہیں کہ آپ کے معذور ہونے کی وجہ سے آپ کے ساتھ بے انصافی ہو۔



سکولوں، TAFE اور تعلیمی اداروں کو اجازت نہیں ہے کہ وہ لوگوں کی معذوری کی وجہ سے ان کے ساتھ دوسروں سے مختلف سلوک کریں۔


یہ قانون کے خلاف ہے۔




معذوری کی وجہ سے امتیازی سلوک کے خلاف قوانین اکثر قسموں کی معذوریوں کے لیے ہیں۔

اگر آپ کو ٹھیک سے پتہ نہیں ہے کہ کیا قانون آپ کی معذوری کے لیے بھی ہے تو یہاں دیکھیں

**www.disabilitylaw.org.au**



معذوری کی وجہ سے امتیازی سلوک کی 2 قسمیں ہیں

- ڈائریکٹ امتیازی سلوک
- اِن ڈائریکٹ امتیازی سلوک

## ڈائریکٹ امتیازی سلوک



**ڈائریکٹ امتیازی سلوک** یہ ہے کہ آپ کے ساتھ ویسا سلوک نہ ہو جیسا معذوری نہ رکھنے والے کسی شخص کے ساتھ ہوتا ہے۔




یہ ایسی باتیں ہو سکتی ہیں جیسے

آپ کو سکول کے ڈرامے میں شامل نہ کیا جائے کیونکہ آپ وہیل چیئر استعمال کرتے ہیں۔



آپ کو بات سمجھنے اور سمجھانے کے لیے اشاروں کی زبان کی ضرورت ہے لیکن سکول مدد نہیں کرتا۔


## اِن ڈائریکٹ امتیازی سلوک



**اِن ڈائریکٹ امتیازی سلوک** یہ ہے کہ سکول سب لوگوں کے لیے ایک جیسے اصول رکھتا ہے لیکن آپ اپنی معذوری کی وجہ سے ان اصولوں کے مطابق نہیں چل سکتے۔

مثال کے طور پر معذوری کی وجہ سے آپ کے لیے بغیر ہلے جلے بیٹھنا مشکل ہو۔

لیکن سکول میں اس وجہ سے آپ کو ڈانٹ پڑے کہ آپ زیادہ ہلتے جلتے ہیں۔



ایک مثال یہ ہے کہ جو انسان دیکھ نہ سکتا ہو، اسے باقی سب کی طرح ٹیسٹ میں لکھنے کو کہا جائے۔



سکول کو کسی طالبعلم کی معذوری کی وجہ سے اس کے ساتھ ناانصافی نہیں کرنی چاہیے۔



یہ اہم ہے کہ آپ وہ تبدیلیاں لکھ لیں جو آپ نے سکول سے کرنے کو کہا تھا۔

اگر آپ کو شکایت کرنے کی ضرورت پڑے تو آپ جانتے ہوں گے کہ آپ نے کب اور کیا کرنے کو کہا تھا۔



# معذوری کی وجہ سے امتیازی سلوک پر شکایت کا طریقہ




نیو ساؤتھ ویلز میں 2 جگہیں ایسی ہیں جہاں آپ معذوری کی وجہ سے امتیازی سلوک کی شکایت دے سکتے ہیں۔



شکایت کے لیے آپ کو فیس نہیں دینی پڑتی۔




آپ کو لکھ کر شکایت کرنی ہو گی۔




آپ Anti Discrimination NSW کے پاس شکایت کر سکتے ہیں۔

**جسے آسانی کے لیے ADNSW** کہتے ہیں۔

یہاں آپ صرف تب شکایت کر سکتے ہیں جب آپ کسی نیو ساؤتھ ویلز سٹیٹ سکول میں پڑھتے ہوں۔

**نیو ساؤتھ ویلز سٹیٹ سکول** وہ سکول ہے جسے نیو ساؤتھ ویلز کی حکومت چلاتی ہے۔





آپ کو اپنے ساتھ امتیازی سلوک ہونے کے بعد جلدی شکایت کرنی چاہیے۔

آپ 1 سال سے زیادہ وقت نہیں لے سکتے۔




معلومات کے لیے دیکھیں

**www.antidiscrimination.nsw.gov.au**




آپ آسٹریلین ہیومن رائٹس کمیشن کو درخواست دے سکتے ہیں۔




چاہے آپ کسی بھی قسم کے سکول میں پڑھتے ہوں، آپ اس کمیشن کو شکایت دے سکتے ہیں۔

چاہے یہ کوئی سٹیٹ سکول، پرائیویٹ سکول یا مذہبی سکول ہو۔





آپ کو اپنے ساتھ امتیازی سلوک ہونے کے بعد جلدی شکایت کرنی چاہیے۔

آپ 24 مہینوں سے زیادہ وقت نہیں لے سکتے۔




معلومات کے لیے دیکھیں


**www.humanrights.gov.au/complaints**



یہ ویب سائیٹ آسان تحریر میں نہیں ہے۔

آپ کسی سپّورٹ پرسن سے مدد مانگ سکتے ہیں۔

# آپ کے شکایت کرنے کے بعد کیا ہوتا ہے




وہ آپ کی شکایت آپ کے سکول کو بھیجیں گے۔




سکول اپنا جواب بھیجے گا۔



وہ سب لوگوں کے لیے میٹنگ رکھیں گے۔



میٹنگ میں آپ سب بات کریں گے کہ کیا ہوا تھا۔

آپ سب مل کر مسئلہ ٹھیک کرنے کے طریقے سوچیں گے۔



شاید آپ مسئلہ ٹھیک کرنے کا کوئی ایسا طریقہ نکال لیں جس پر سب خوش ہوں۔

شاید آپ پورا مسئلہ ٹھیک نہ کر سکیں بلکہ صرف کچھ حصے ٹھیک کر سکیں۔




شاید آپ صرف یہ چاہتے ہوں کہ سکول اس بارے میں سوری کہے۔



شاید آپ ہرجانہ لینا چاہتے ہوں۔

**ہرجانہ** اسے کہتے ہیں کہ سکول کے غلط کام کی وجہ سے ہونے والے نقصان کے بدلے میں آپ کو پیسے ملیں۔



اپنے حقوق پتہ کرنے کے لیے کسی وکیل سے بات کرنا اچھا ہو گا۔

یہ کرنا آپ کے لیے ضروری نہیں ہے۔



آپ کو میٹنگ میں اکیلے جانے کی ضرورت نہیں ہے۔

آپ اپنے گھر میں سے کسی کو یا کسی کیئرر یا ایڈووکیٹ کو ساتھ لے جا سکتے ہیں۔

## اگر آپ مسئلہ ٹھیک نہ کر سکیں




اگر آپ میٹنگ میں مسئلہ ٹھیک نہ کر سکیں تو آپ اور بھی کئی کام کر سکتے ہیں۔

یہ کام مشکل ہو سکتے ہیں۔



حصہ 6 میں دیے گئے کانٹیکٹس میں سے کسی سے بات کریں۔

وہ آپ کو بتا سکتے ہیں کہ کیا آپ کو کوشش کرتے رہنا چاہیے۔




اس کا مطلب عدالت میں جانا ہے۔

اگر عدالت کہے کہ یہ امتیازی سلوک نہیں ہے تو آپ کا بہت خرچہ ہو سکتا ہے۔



اگر عدالت کہے کہ آپ کی بات ٹھیک ہے تو عدالت سکول کو حکم دے سکتی ہے کہ سکول

- سوری کرے
- مسئلہ ٹھیک کرے
- آپ کو ہرجانہ دے